گئے ہیں۔ تو ہماری بس یہی اس وقت Claim ہے کہ ہم جو، جہاں تک لیبر کی ویلفیئر ہے۔ اس کے حوالے سے کہ خیبر پختونخوا کی صرف جو Percentage ہے، اس کو نہ دیکھیں بلکہ یہاں سے جو پورے پاکستان بھر میں لیبر جا کے کام کر رہی ہے اور ان کے اہل و عیال یہاں پہ ہیں، اس لحاظ سے اس کو Consider کیا جائے، یہی وفاقی حکومت کو بھی ہم نے یہی باور کیا تھا اور اس ایوان میں اس معاملے میں ریزولیوشن پاس کی Unanimous اور وفاقی حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرائی ہے اور ابھی بھی ہماری کوشش یہ ہے کہ مرکز جو ہے وفاق اس پہ عملی اقدامات کریں اور خیبر پختونخوا جو کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے مشکلات سے دوچار ہے، جنگ سی صورتحال ہے یہاں انڈسٹری بند ہو رہی ہے اور اس کے باوجود لیبر جو ہے لیکن ہم نے یہ بھی دیکھنا ہو گا کہ لیبر کا Actually کتاب میں جو ایکٹ کے تحت، ہم نے Secured way جو آپ کا ورکر ہے اس کے مفادات کا تحفظ کرنا ہے۔ Secured worker جو کہ اس کے ایمپلائر نے اس کو رجسٹرڈ کیا ہو تا کہ اس کو ہم مراعات دیں۔ جس طرح انہوں نے کہا کہ شانگلہ میں ورکنگ فوکس گرائمر سکول ہونا چاہیئے ضرور وہ منظور بھی ہے لیکن جس طرح اس وقت فنڈنگ کے مسائل کا سامنا ہے۔ تنخواہوں کا ہمیں مسئلے درپیش ہیں۔ فیڈرل گورنمنٹ سے فنڈنگ جو ہے وہ بمشکل ہم ریلیز کروا رہے ہیں ہر سال اور وہاں پہ بھی ہماری یہ جو بہت سے ایسے پراجیکٹس ہیں جو کہ ہم لوگ یہاں سے چاہ رہے ہیں کہ وہ ہوں لیکن چونکہ اس وقت ہم لوگ اس سیچویشن میں ہیں کہ جو آپ کی موجودہ وسائل ہیں، اس کی بھی ہمیں اس وقت کمی واقع ہو رہی ہے جو اس وقت ہمارے پاس چل رہے ہیں۔ تو ہم نئے منصوبوں کی طرف اس وقت دیکھنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں جبکہ یہ بڑا ضروری ہے اور پھر وہاں پہ آپ کے جو Secured workers ہیں، ان کی تعداد بھی اس طرح نہیں ہے تو یہ تمام ایسے مسائل ہیں جیسے مجھے بڑے خوشی ہو گی کہ اگر اس ایوان سے ہمارے معزز ایم پی ایز صاحبان کے اوپر ایک مشتمل کمیٹی ہو اور وہ اس چیز کا جائزہ لیں، اس میں دلچسپی لیں لیکن ایسا کمیشن میں سمجھتی ہوں کہ بنانے کی بجائے اگر ہر ایم پی اے اپنے حلقے کے مطابق ایک Input ہمیں دیں منسٹری کو، کہ ان کے حلقے میں اس طرح کی کوئی غیر محفوظ کان کنی ہو رہی ہے یا اگر ان کے حلقوں میں اس طرح سے جو مسائل سے درپیش دوچار جو ہیں وہ مزدور ہیں جو کہ Secured workers نہیں ہیں Unsecured workers ہیں تو ان کی رجسٹریشن میں وہ ہماری مدد کریں تو یہ

ایک بہترین عمل ہوگا۔ محکمہ ان کے ساتھ، وزارت ان کے ساتھ ہر امداد کرنے کیلئے تیار ہے۔ ہمیں جو اس وقت مسائل ہیں، ہم ایک نیا ایکٹ ان شاءاللہ بہت جلدی لائیں گے اور وہ مسودہ اسی ایوان میں آنا ہے، اس میں ہم ان تمام چیزوں کو کوشش کر رہے ہیں کہ ان کو لے کے اس کو بہترین طریقے سے آگے لائیں۔ تو میں تو اس بات سے ان کی ہر اچھی جو بھی تجاوز ہیں ان کو ویلکم کرتی ہوں اور پھر ساتھ ہی میں بھی ان کے ساتھ اس بات پہ بالکل یہ گورنر صاحب کی توجہ چاہوں گی آج اس ایوان کے ذریعے کہ وہ اس پہ ایک انکوائری کریں۔ اگر ٹیکنکل سپورٹ میری منسٹری کی چاہیئے ہوگی تو ہم وہ فراہم کریں گے تاکہ وہ دیکھیں کہ ایسے حالات میں جبکہ ایک موسلا دھار بارش ہے، اس دن بھی انہوں نے کان کنی کر کے ان کے اتنے معصوم جانوں کو کیوں اتنا رسک پہ ڈالا اور واقعی ان کیلئے جو Compensation بھی اناؤنس کیا ہے۔ پھر وہ ظاہر ہے یہ ان کی فیملی کے واحد کفیل ہیں جو کہ ان جگہوں پہ کام کر رہے ہیں تو اس چیز کی روک تھام تو کبھی ہو سکتی ہے۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو انیسہ بی بی، تھینک یو انیسہ بی بی، تھینک یو انیسہ بی بی۔ I think کہ یہاں دو چیزیں ڈسکس ہو گئی ہیں، ایک گورنر صاحب کو اس فورم سے جائے کہ وہ انکوائری کمیٹی ایک وہ کریں، مشتاق صاحب! یہ آپ یہ کریں گے۔ And number two, I feel-----

(مداخلت)

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: Rashad Khan!Let me finish to complete، اور دوسرا میرا جیسا انیسہ بی بی اور رشاد خان نے کہا ہے اور عبدالمنعم خان نے کہا ہے I think there should be a Committee for the time being till your Act اور جو نئی پالیسی آئے۔ جب تک نئی پالیسی نہیں آتی، یہ رشاد اس میں ہو And you should be Chairperson because آپ کے Belong and عبدالمنعم خان ممبر ہوں تو آپ تین چار کی کمیٹی بنے جو اس علاقے کے ہوں۔ ایک یہ کمیٹی بن گئی ہے اور ایک ہم گورنر صاحب کو ریکویسٹ کریں گے انکوائری کیلئے Do you want say something else۔ رشاد خان! اس پہ تو ڈسکشن ہو گئی ہے Please the time is very short۔ رشاد خان کا مائیک آن کر دیں۔

جناب محمد رشاد خان: میڈم! مختصراً مختصر، اگر یہ سکولز صوبے میں اور جگہ بن رہے ہیں شانگلہ میں بنتا ہے تو اس کیلئے مرکز کی ضرورت آجاتی ہے، فنڈز کی کمی آجاتی ہے، صوبے میں اور جگہ بن رہے ہیں جہاں پہ مائن ورکرز ہیں، وہاں پہ اس سکول کو بنایا جائے۔ دوسری چیز یہ کہ میرے کہنے کا یہ مقصد نہیں ہے ہم وہاں پہ ٹھیک ٹھاک انکوائری ہو رہی ہے۔ گورنر صاحب پہلے واقعہ کے دن سے وہ رابطے میں رہے اور اسی ٹائم مطلب اسی کی آپریشن اسی ٹائم شروع کیا گیا ہے اور ٹھیک ٹھاک اسی پر عمل ہوا، سخت ترین بارش میں اور ان حالات میں، لیکن حکومت کی طرف سے جو کوتاہی، سندھ میں ایک ایکسڈنٹ ہوا جس میں شانگلہ کے لوگ تھے۔ ہم نے سندھ حکومت سے درخواست کی، انہوں نے باقاعدہ ہیلی کاپٹر مہیا کیا، وہاں پہ گئے ان کو ریسکیو کیا ائیر پورٹ پہنچایا، ایمبولنسیں مہیا کی گئیں کیونکہ مطلب وہ اپنی ذمہ داری سمجھتے تھے۔ یہ ہماری حکومت کیا ذمہ داری سمجھتی ہے؟ وہاں پر بے روزگار ہیں، وہاں سے لوگ آتے ہیں، وہاں سکولز دے دیں تھوڑے سے، کچھ سکولز وہاں پہ بنی چاہئیں۔ ہمارا مقابلہ پشاور سے کیا جاتا ہے، ادھر ہمیں ایک دو سکولز دیئے جاتے ہیں۔ سکول وہاں پہ بنائیں یہ تو آپ کے ذمے ہے، آپ کے بس میں ہے، یہ تو حکومت کے بس میں ہے کہ وہاں پہ مطلب ہے کہ اس چیز کو دیکھا جائے کہ مائن ورکرز اتنی تعداد میں جاتے ہیں، وہاں سے نکلتے ہیں ان کی کیا وجہ ہے؟ بے روزگار ہیں۔ تعلیم کی کمی ہے وہاں پہ سکولز دیئے جائیں۔ نمبر دو، جو ٹریننگ ہے، یہ تو میڈم جس طرح میڈم نے کہا کہ مطلب جو مائن ورکرز ہیں، یہ لازمی ہوتا ہے ان کو ٹریننگ دینا کہ ہنگامی حالات سے وہ کیسے نکلتے ہیں ان کا مقابلہ کیسا کرتے ہیں۔ تو ان کو یقینی بنانے کیلئے مطلب ہے یہ چیزیں ضروری ہیں۔ میڈم! سے میری یہ درخواست ہے نہ پنجاب کو دیکھیں آپ، نہ سندھ کو دیکھیں، نہ مرکز کو دیکھیں، آپ خود اپنا کمیشن بنائیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ ہم سارے صوبوں کو ساتھ لے کے چلیں گے اور ان لوگوں کو جو یہ تحفظات ہیں، خدشات ہیں اس کو ہم دور کریں گے ان شاء اللہ۔

Madam Deputy Speaker: I am sure, Anisa Bibi, will do that, I am sure. Do you want to say Ansia Bibi! One minute.

Ms: Ansia Zeb Tahir Kheli (Minister for Mines): I have a suggestion to make.

میں رشاد خان کی اس بات کے ساتھ اتفاق کرتی ہوں، I do not want to get into a debate چونکہ ایک پوائنٹ آف آرڈر پہ اتنی بڑی ڈیبیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ ان کیلئے میرا آفس کھلا ہے ان کی

جس وقت یہ چاہیں۔ کمیٹی اگر آپ بنانا چاہ Suggestions, I am open for suggestions رہی ہیں تو You are most welcome۔ میڈم سپیکر! اگر آپ بنانا چاہتی ہیں تو رشاد خان، عبدالمنعم خان اور وہ جو دیگر ایم پی ایز جن کے حلقوں میں مائننگ ہو رہی ہے تو وہ بھی اس کے ممبر بنیں And they should come up with good suggestions تو وہ اپنے نام دے دیں سیکرٹری صاحب کو، ایسے وہ تمام ایم پی ایز جہاں پہ Actually چونکہ زیادہ تر Hilly areas ہیں اور یا پھر آپ کی نوشہرہ میں Coal Mines ہیں یا بونیر ہے، مانسہرہ ہے، بٹگرام ہے، کوہستان ہے-----

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: انیسہ بی بی! میں نے مشتاق خان کو کہہ دیا ہے۔

<u>وزیر معدنیات</u>: اچھی بات ہے۔ان کے ایم پی ایز جو Concerned ہیں وہ بھی آئیں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: بالکل۔

<u>Minister for Mines</u>: And I am ready to give them a briefing my department will give them a briefing، ہم ان کو بتائیں گے کہ جو Safe وہ ہے کان کنی، محفوظ کان کنی، اس کیلئے کیا اقدامات کئے جا رہے ہیں لیکن جس Purpose کیلئے یہ کمیشن کا کہہ رہے ہیں کہ آپ جا کے دیکھیں وہ تو ڈیٹا ہمارے پاس پڑا ہے، ہم ان کو بتا سکتے ہیں تو I am ready to give them a briefing۔ جس دن آپ چاہیں میڈم سپیکر! یہ اسی اسمبلی میں آپ رکھ لیں۔ The Department will come and brief them about all the details of safe mining in the Province all the, I means the steps that are being taken for that تو میں تو ہر وقت بالکل اس کی لئے تیار ہوں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو انیسہ بی بی۔ Mushtaq Khan! Please you make a Committee whatever you say جیسا انیسہ بی بی کہہ رہی ہیں کہ جس جس ایریاز کے ہیں، یہ بالکل ٹھیک ہے کہ جو بلوچستان کے ہوئے تھے، وہ سارے جو ہیں کے پی کے لوگ تھے تو ان شاءاللہ اور انیسہ بی بی کہہ رہی ہیں کہ اس پہ جو دوسرا وہ قانون، You making a policy, policy is coming on that۔ ظہور خان! آپ ہمیشہ مجھ سے گلا کرتے ہیں اور ہاتھ کھڑا نہیں کرتے ہیں۔ چلیں اوکے، ظہور خان!

سردار ظہور احمد: میڈم سپیکر! آپ کا بہت بہت شکریہ، آپ نے مجھے موقع دیا اور میں Actually کافی دنوں سے بات کرنا چاہ رہا تھا لیکن چونکہ اسمبلی سیشن ہی نہیں تھا کل میں نے بڑی کوشش کی بہر حال آپ کا بہت بہت شکریہ۔ گزشتہ کچھ عرصہ سے میرے ساتھ ایک سیاسی انتقامی کارروائی کا سلسلہ چل رہا ہے اور میں یہ اس معزز ایوان کے نوٹس میں لانا چاہتا تھا کہ ان کے علم میں یہ بات ہونی چاہیئے جبکہ بیسوں مرتبہ یہاں اسمبلی فلور پہ یہ بات ہو چکی ہے کہ جو کلاس فور کی بھرتیاں ہوں گی، وہ متعلقہ ایم پی ایز کا استحقاق ہے۔ میرے ساتھ تین سالوں سے یہی سلسلہ چل رہا ہے۔ ہماری ہیلتھ کی بھرتیاں ہوئیں، اس میں میری Constituency کے اندر 30 اور 35 پوسٹیں میرے ہاسپٹل کی تھی، اس میں مجھے بالکل نظر انداز کیا گیا صرف طفل تسلیاں دی گئیں۔ اس کے بعد DDAC چیئرمین میں بنا، تو وہ بھی بغیر کسی نوٹس کے مجھے ہٹا دیا گیا۔ مسلم لیگ نون کو ایک ہی DDAC چیئرمین ملا تھا بہر حال اس کو بھی جانے دیں۔ ابھی حالیہ دنوں میں صرف میرے حلقے میں جو میری 38 پوسٹیں تھیں کلاس فور کی، وہ میرے سابق مخالف یا حریف اس کے کہنے پہ اس کے لوگوں کو دی گئیں۔ یہ ہم لوگ عوام ہمیں منتخب کر کے یہاں لاتی ہیں، بھیجتی ہے اور اس عوام کا حق ہے کہ ہم ان کے حقوق کا خیال رکھیں اور ان بھرتیوں کے اندر تمام قواعد وضوابط کو پامال کیا گیا۔ پانچ چھ مہینے پہلے لسٹیں بنیں جو لوگ Appear ہوئے پھر اس کے بعد Maximum ایسے لوگوں کو اپوائنٹ کیا گیا جو نہ ٹیسٹ میں یا انٹرویو میں یا ان کے کوئی ڈاکیومنٹس بھی وہاں جمع نہیں تھے، ان لوگوں کو اپوائنٹ کیا گیا۔ میں نے منسٹر صاحب کے نوٹس میں بھی یہ بات لائی، منسٹر بلدیات عنایت اللہ خان صاحب کے نوٹس میں بات لائی۔ پچھلے مہینے انہوں نے اے ڈی کو لیٹر کیا، اس میں انہوں نے کہا کہ اس پہ Complaints ہیں آپ برائے مہربانی یہ اپوائنٹمنٹس نہ کریں۔ ان کا لیٹر میرے پاس Evidence کے طور پر موجود ہے، اس کے باوجود اے ڈی نے پتہ نہیں وہ کونسی قوت تھی جس نے اس کو مجبور کیا؟ اے ڈی نے قواعد وضوابط کو بالائے طاق رکھ کر تمام بھرتیاں جو کیں پورے ڈسٹرکٹ کے اندر، صرف مجھے Politically victimize کیا گیا، Only صرف میں۔ میرے دوسرے ایم پی ایز صاحبان ہیں، ان کے لوگوں کو Accommodate کیا گیا۔ اسی طرح حاجی ابرار کو بھی Politically victimize کیا گیا۔ اس نے بھی یہ بات آپ کے، اپنے دوستوں کے نوٹس میں لائی ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری اس

سے بڑی اور کیا تذلیل ہو گی کہ ہمارے مخالفین جو الیکشن، جو شکست خوردہ ہیں، جو عناصر ہیں، جو ہار چکے ہیں، ان کے کہنے پر، انہیں Accommodate کیا جائے۔ اس میں تو میرا تو جی چاہتا ہے کہ میں اس اسمبلی فلور سے استعفیٰ دے دوں کہ جہاں اتنا بڑا استحقاق مجروح ہوتا ہے۔ یہ آج تحریک استحقاق فیصل زمان صاحب کی آئی ہوئی ہے، اس میں انہوں نے کہا کہ جب میں کلاس فور کے بارے میں بات کرتا ہوں، جب میں ڈی ای او کو کلاس فور کے بارے میں پوچھتا ہوں ایک ایک کلاس فور کے بارے میں، تو اس کا رویہ سخت تھا۔ وہ تحریک استحقاق لا رہے ہیں۔ کیا یہ ہمارا استحقاق نہیں کہ ہم اپنے لوگوں کو Accommodate کر سکیں، اپنے حلقے کے لوگوں کو Accommodate کر سکیں اور الحمدللہ میرا یہ ریکارڈ رہا ہے کہ میں نے ان دو تین سالوں کے اندر کسی قسم کی سیاسی طور پر کوئی پوسٹنگ ٹرانسفر نہیں کرائی اور خدا گواہ ہے میں نے اپنے رب کو جواب دینا ہے لیکن اس سے بڑی اور تذلیل کسی کی نہیں ہو سکتی، کسی ایم پی اے کی نہیں ہو سکتی کہ اس کو اس کے حقوق نہ دیئے جائیں۔ اسی طرح یہ دو تین سالوں سے یہ Excercise ہو رہی ہے۔ تین سالوں سے جو ہماری بہبود آبادی کی، پاپولیشن میں پوسٹیں ہیں، ان پر بھرتیاں نہیں ہو رہیں، تمام اداروں کو روکا جا رہا ہے کہ ایک سنگل آدمی بھرتی نہ ہو۔ یہ کیا وجہ ہے کہ مجھے صرف، صرف مجھے جو ہے نا Politically victimize کیا جا رہا ہے؟ میڈم! میں اس گورنمنٹ سے، کے پی کے کی گورنمنٹ سے، پی ٹی آئی گورنمنٹ سے Transparency، جن کا یہ کہنا ہے کہ Transparency پر وہ یقین رکھتے ہیں، وہ کرپشن کو ختم کرنا چاہتے ہیں، اسی طرح وہ انصاف دینا چاہتے ہیں تو یہ کونسا انصاف ہے، یہ کونسی Transparency ہے؟ خدارا میڈم! اگر اسی طرح اس معزز ایوان کے ایم پی ایز صاحبان کا استحقاق مجروح ہوتا رہا جو اس سے پہلے نہیں ہوا۔ یہ اس پرانی روش کو قائم رکھیں اور اس پر، جو سابقہ ادوار میں چلتی رہی ہے کہ معزز ایوان، ممبر اسمبلی کے استحقاق کا خیال رکھا جاتا رہا ہے اسی روش کو برقرار رکھیں۔ خدارا ہم ممبر اسمبلی کو ایک کونسلر کے برابر، ایک عام آدمی کے برابر نہ لے آئیں۔ کم از کم ہم بھی لاکھوں لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں، ہمیں ہماری عزت دی جائے، ہمیں ہمارا استحقاق دیا جائے۔ بہت مہربانی، بہت شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Arif! Can you answer or Mushtaq! Can you answer, anyone of you please.

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): میڈم! ہمیں افسوس ہے، آنریبل ممبر نے جو بات کی ہے، ان کی بات کو آنر کرنا چاہیئے تھا۔ان کے حلقے میں اگر کلاس فور کی کوئی بھی پوسٹ ہے اور یہ ہم نے ایک چیز طے کی ہوئی ہے کہ جس حلقے میں بھی کلاس فور کی پوسٹ ہوں گی، اس حلقے کا ایم پی اے جو ہے، اس کی Recommendations کو دیکھا جائے گا باقی تو سارا میرٹ ہے ہر چیز پر۔ایک کلاس فور ہی ایک ایسا ہے جو ایم پی ایز کے ساتھ ہوتی ہے لیکن اس کو میں Appropriate فورم تک پہنچاؤں گا بات ان کی ان شاءاللہ تاکہ جو ہو گیا وہ تو ہو گیا، آئندہ ان کے ساتھ ان شاءاللہ ہم کوشش کریں گے کوئی زیادتی نہ ہو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مائیک آن کر دیں ان کا پلیز۔ پلیز جلدی کریں گے ذرا نماز کا ٹائم ہو رہا ہے۔

راجہ فیصل زمان: بس جلدی ہو گیا جی۔ہاں یہ ایک منٹ میں جی۔یہ میرے بھائی نے جو بات کی ہے مشتاق غنی نے، وہ میرے بڑے بھائی ہیں۔اگر ایک پوسٹ بھی مشتاق غنی صاحب کے حلقے میں ان کے ہارے ہوئے آدمی نے لگائی ہوتی تو ادھر قیامت آگئی ہوتی۔ ہم ایم پی اے ہو کر سوچیں، ہم سب کی عزت ایک ہے۔اگر ایک ایم پی اے کو عزت ادھر نہیں مل رہی ہمیں دکھ ہو گا۔اگر ادھر بھی نہیں مل رہی ہمیں دکھ ہو گا۔میں مشتاق غنی صاحب کو کہوں گا کہ وہ جس کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں وہاں پر انصاف ہونا چاہیئے۔انصاف کا تقاضا یہ کہتا ہے کہ اس کو کمیٹی کو بھیجا جائے، استحقاق کو، وہاں پر Thrash out کیا جائے جو غلط ہو گا غلط ہو گا، جو صحیح ہو گا وہ صحیح ہو گا۔ایم پی ایز کی عزت کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کرنا چاہیئے۔ ایم پی اے ادھر بھی ہے اس کی بھی عزت کرتے ہیں، ادھر بھی ہے اس کی بھی عزت کرتے ہیں۔یاد رکھیں آج آپ ادھر بیٹھے ہیں کل آپ ادھر بھی بیٹھیں گے تو یہ وقت سب پر آئے گا۔مزہ تب آتا ہے جب اس طرف ہوں تو ادھر کھڑے ہو کر یہ والی بات کریں مزہ تب آتا ہے۔ایم پی اے وہ ہوتا ہے جو اس سائیڈ پر بیٹھ کر یہ بات کرے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: I agree with you لیکن اس وقت یہ پوائنٹ آف آرڈر آیا ہے۔آپ بالکل یہ لائیں پریویلج موشن لائیں، ہم۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: میڈم سپیکر!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب!

جناب سردار حسین: شکریه میډم سپیکر۔ شکریه ستاسو چې دا پوائنټ آف آرډر هم دے خو زما دا خیال دے چې دا ډیره زیاته اهم خبره راغله مخې ته او دا پریکټس

چې دے دا روان دے۔ دا د تیرو دریو کالو نه دا پریکټس روان دے او زه په ډیر افسوس سره دا خبره کومه چې موجوده حکومت چې دے ، مشتاق غنی صاحب خو ایشورنس هم ورکړو او زما دا خیال دے چې په دې فلور باندې دا ایشورنس چې دے دا ډیر، را روان دے په تسلسل سره را روان دے او که په دې یو پوائنټ باندې تاسو د اپوزیشن ټولو ممبرانو له موقع ورکړه نو شاید چې د هر ممبر د هرې حلقې شکایت تاسو واؤرئ۔ دا مولانا صاحب زه ګورم خاندی، دا ټول مونږ ته پته ده۔ میں ذرا اردو میں بات کر لوں گا مشتاق غنی صاحب کیلئے ذرا آسانی رہے گی۔ میں ریکویسٹ کروں گا میڈم سپیکر! فنڈز کے حوالے سے، فنڈز کے حوالے سے۔ یعنی پچھلے تین سال میں اپوزیشن کو جس طرح دیوار سے لگایا گیا۔ ایک ایک اپوزیشن کے ممبر کو، اگر آپ کے پاس، چونکہ وقت نہیں ہے آپ کے پاس اور آپ کے پاس تو I am very sorry بالکل ٹائم ہی نہیں ہے تو آپ کو خود اندازہ ہو جائے گا۔ یعنی ایک کلاس فور جس طرح مشتاق غنی صاحب نے خود کہا باقی تو کسی ممبر کے پاس، کسی آفیسر کے پاس کوئی اختیار ہی نہیں ہے کہ کسی استاد کو بھرتی کر سکے، کسی دوسری کیٹگری کے ایمپلائی کو بھرتی کر سکے۔ واحد جو بھرتی کرنے کا ذریعہ ہے یا اپنے مستحق لوگوں کو Oblige کرنے کا جو طریقہ ہے وہ کلاس فور ہے۔ اب کلاس فور کا بھی حق جو ہے وہ حکومت نے کم از کم اپوزیشن کے تمام ارکان سے لے لیا ہے۔ میں مثال دے سکتا ہوں، یہاں پر تو ابھی ایک مثال آئی، ابھی پچھلے دو تین مہینوں سے تمام ویلج کونسلز میں، نیبر ہڈ کونسلز میں یہ کلاس فور بھرتی ہوئے ہیں۔ آپ ذرا اپوچھ لیں، اگر آپ دس منٹ دے دیں، دس منٹ میں، اور مولانا صاحب سے شروع کر لیں تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا۔ ہم نہیں سمجھتے کہ یہ کونسا انصاف ہے، یہ کونسی Transparency ہے، یہ کونسا میرٹ ہے۔ اور یہ تو دیکھیں میڈم سپیکر! یہ جتنے بھی ممبران یہاں پر بیٹھے ہیں، ان کو تو لاکھوں لوگوں نے منتخب کیا ہیں۔ اب ان لوگوں کا قصور صرف یہی ہے کہ یہ اپوزیشن بنچز پر بیٹھے ہیں۔ اس طرح تو کام نہیں چلے گا، اس طرح تو حکومتیں نہیں چل سکتیں، اس طرح تو حکومتی نظام جو ہے وہ چل نہیں سکتا۔ ایک طرف سے ہم سن رہے ہیں تمام پاکستان میں، کل گجرات میں جلسہ ہوتا ہے کبھی کراچی میں ہوتا ہے، ادھر لوگوں کو دعوتیں دے دی جاتی ہیں کہ جائیں بھائی خیبر پختونخوا میں دیکھیں، وہاں پر تو مثالی حکومت ہے، وہاں پر تو صوبے کو مثالی بنا دیا ہے۔ یہاں پر صوبے کی یہ حالت ہے کہ میرے خیال

میں ایک ایک ممبر جب اٹھتا ہے تو صرف روتا نہیں ہے باقی تو کوئی کثر رہتی نہیں ہے لہذا میڈم سپیکر! آپ کی رولنگ کی ضرورت ہے۔ مشتاق غنی صاحب سے بھی یہ ریکویسٹ کروں گا کہ یہ انتخاب کل ہم حکومت میں تھے آج آپ حکومت میں ہیں کل کیا بھروسہ کہ کون حکومت میں رہتے ہیں۔ میرے خیال میں وہ گورننس، جو اچھی گورننس ہے، جو انصاف کے تقاضے ہیں، جو ممبران کی اپنی پریویلجز ہیں، اگر ہم اس چیز کو یقینی بنائیں تو میرے خیال میں یہ بہترین گورننس جو ہے یہ تاریخ کا حصہ بن جاتی ہے۔ یہ دیوار سے لگانا، سیاسی انتقام کا نشانہ بنانا، ممبران سے اپنے حقوق سلب کرنا میں یہ سمجھتا ہوں کہ جمہوری رویوں میں یہ چیزیں جو ہیں یہ Suit نہیں کرتیں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: مشتاق غنی صاحب! پلیز یہ آپ ان کو ذرا جواب دیں Because I have to go to the next question.

<u>جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: میں صرف یہ بابک صاحب کی بات سے اتنی گزارش کروں گا کہ اللہ کے شکر سے اس وقت اس صوبے میں گڈ گورننس ہے اور اسے PILDAT نے بھی تسلیم کیا ہے کہ چاروں صوبوں میں گڈ گورننس اگر نمبر ون پر ہے تو وہ صوبہ خیبر پختونخوا کے اندر ہے۔ Rule of Law ہے تو صوبہ خیبر پختونخوا کے اندر ہے اور میرٹ کے اوپر اگر کوئی کام ہو رہا ہے تو وہ خیبر پختونخوا کے اندر ہے۔ رہا کلاس فور کا ایشو، This is totally different۔ کلاس فور کا ایشو گورننس سے اس کا تعلق نہیں آرہا۔ دیکھیں آپ کسی بھی محکمے میں چلے جائیں، انہوں نے جو کلاس فور کی بھرتیاں کی ہوں گی، انہوں نے ایک اپنی وہ Committees ہوتی ہیں، بناتے ہیں، کرتے ہیں لیکن ہم اس کو سپورٹ نہیں کر رہے ہم ایم پی ایز کو سپورٹ کر رہے ہیں کہ یہ ان کا Right ہے اور یہ ان کی مشاورت سے ہونا چاہیئے ہم اس سے انکار نہیں کر رہے لیکن اس بات کی آڑ میں اگر پوری گورنمنٹ کو لے لیا جائے کہ جی پوری گورنمنٹ کی گڈ گورننس نہیں ہے اور اس اپوزیشن کو دیوار سے لگا دیا ہے۔ اپوزیشن کو فنڈز بھی مل رہے ہیں، ان کے حلقوں میں ترقیاتی کام بھی ہو رہے ہیں اور جہاں بھی کلاس فور ہے Maximum کلاس فور، کئی ڈیپارٹمنس ان سے رابطہ بھی کرتے ہیں، ان کے لوگ اپوائنٹ بھی ہو رہے ہیں۔ دو تین ڈیپارٹمنٹس جس کی طرف ظہور خان نے نشاندہی کی ہم ضرور بات کریں گے ان کے ساتھ کہ ہمارے ممبرز جو ہیں They are respectable، ان کی بات کو Accommodate کیا جائے، ان کے لوگوں کو جب بھی

اگر کوئی چیز نکلتی ہے ان شاءاللہ اپنی طرف سے ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ ہم ادھر ہوں یا ادھر ہوں ہم ایک ہی ہیں اور ہم مل کر اس ایوان کو چلائیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ ظہور صاحب، Nalotha Sahib! I am coming to your question۔ ظہور صاحب! آپ کا کوسچین تو ہم نے لے لیا باقی بابک صاحب اور The rest of you, you can bring point of order, you can bring call attention, you can bring anything later on. Nalotha Sahib! You go to your call attention please, that is item No. 7 and I know Nalotha Sahib you go to your-----

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم! میں کوئی غلط بات نہیں کروں گا نہ میں لڑائی کروں گا میں اپنے حق کی بات کرتا ہوں Kindly مجھے موقع دیں آپ۔ میں اسی سلسلے میں سردار ظہور صاحب نے جو بات کی ہے سپیکر صاحبہ! میں نے سپیکر صاحب کے نوٹس میں بھی لایا ہے۔ سپیکر صاحبہ! میں نے چیف منسٹر صاحب کے نوٹس میں بھی لایا ہے کہ سردار ظہور صاحب کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ یہ Applications رمضان شریف میں جمع کی گئی تھیں بیس ایکس کلاس فورز کیلئے اور اس وقت جن لوگوں نے Applications دی تھیں انہیں نظرانداز کر دیا گیا۔ بعد میں جو لوگ وہاں پر سفارشی کسی، پتہ نہیں کس کے دباؤ پر بھرتی کئے گئے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ مشتاق غنی صاحب نے جس طرح کہا ہے کہ مجھے بہت افسوس ہے۔ Kindly آپ بہت ذمہ دار اس حکومت کے منسٹر ہیں آپ کی ذمہ داری ہے۔ اگر یہ گڈ گورننس ہے کے پی کے حکومت کی تو میڈم! ہم اس کو مسترد کرتے ہیں، ہمیں یہ گڈ گورننس قبول نہیں ہے۔ اگر یہ انصاف والی حکومت ہے تو یہ قطعاً انصاف والی حکومت نہیں ہے کہ ایک ضلع کے اندر ایک ایم پی اے کو انتقام کا نشانہ بنایا جائے۔ یہ ظلم، میں یہ نہیں کہتا کہ سردار ظہور اگر کسی غلط آدمی کو وہاں پر اپوائنٹ کر رہا تھا تو بالکل اس کو نہ کیا جاتا لیکن جب کسی حقدار کی حق تلفی ہو اور وہ ممبر، کس لئے لوگ اس کو اپنے حلقے کا ممبر منتخب کرتے ہیں؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق! یہ تو ضروری آپ دیکھیں، یہ والی بات۔ سردار ظہور صاحب کا آپ دیکھیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میں یہ چاہتا ہوں کہ مشتاق غنی صاحب اس کیلئے، مشتاق غنی صاحب ذمہ دار آدمی ہیں، مشتاق غنی صاحب حکومت کے ذمہ دار آدمی ہیں، اس کیلئے کوئی انکوائری کمیٹی بنا دیں، کوئی ایکشن اس کے اوپر لیں یا آپ کوئی رولنگ دیں تاکہ ہماری کوئی دادرسی ہو۔ ہم یہ نہیں کہتے، یہاں پر اگر فنڈوں سے

کوئی جیتتا تو اے این پی کے جتنے ہمارے بھائی ہارے ہیں، وہ کبھی نہ ہارتے۔ جتنا فنڈ انہوں نے اپنے حلقوں میں لگایا ہے۔ اپنے فنڈ کو بے شک مشتاق غنی صاحب ہمیں دیں یا نہ دیں لیکن برائے مہربانی ہماری تذلیل نہ کریں۔ ہمیں لوگوں نے یہاں پر عزت کے ساتھ بھیجا ہے اور آپ اگر تذلیل کریں گے عوامی نمائندوں کی تو کل آپ کی بھی ہو سکتی ہے۔ جس طرح آپ چل رہے ہیں، مجھے لگتا ہے کہ آپ کے دن تھوڑے ہیں۔

Madam Deputy Speaker: Okay. Mushtaq Sahib! You look into the matter, okay.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Madam Deputy Speaker: Under rules 52 (a-g), Mr. Sardar Aurangzeb Nalotha, MPA to please move his Call Attention Notice No. 699 in the House.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب میڈم سپیکر صاحبہ! میں اس معزز ایوان کی وساطت سے حکومت کی توجہ مفاد عامہ کے ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ صوبائی حکومت نے ناران کاغان کے پر فضا سیاحتی مقام پر سیاحوں اور دوسرے لوگوں کی سیکورٹی کیلئے وہاں پر ایلیٹ فورس چوکی قائم کی جو کہ ناران سے 25 کلو میٹر آگے مشکل علاقے میں ہے جس میں ایلیٹ فورس کے پانچ چھ جوانوں، جن میں سردار محمد ناصر نمبر 2527، شیر محمد صاحب، شہزاد صاحب، انور علی اور سجاد کو تعینات کیا گیا تھا۔ 24 اکتوبر 2015 کو شدید برف باری شروع ہوئی جس کی وجہ سے وہاں تعینات نوجوانوں کے پاس خوراک اور دوسری ضروریات زندگی باہم پہنچانے میں خوراک کی کمی ہوئی اور یہ چیزیں پہنچانے میں مشکلات کے پیش نظر تعینات نوجوانان وہاں سے نکل پڑے لیکن شدید برف باری، پھسلن، جگہ جگہ لینڈ سلائیڈنگ اور روڈ کی بندش کی وجہ سے مانسہرہ شہر تک پہنچنے میں ناکام رہے اور یہ چار جوان اپنے فرائض منصبی سرانجام دیتے رہے اور تین دن تک وہ پیدل چلتے رہے اور زندگی کیلئے لڑائی لڑتے رہے جبکہ پانچوں میں، ان میں سے چار زندگی کی بازی ہار گئے مانسہرہ پہنچتے پہنچتے اور ایک نوجوان زندہ بچا جو وہاں پر آرمی کی ایک چیک پوسٹ تھی، وہاں تک پہنچنے میں وہ کامیاب ہو گیا اور آرمی کے نوجوانوں نے اسے زخمی حالت میں اور بے ہوشی کی حالت میں ایبٹ آباد ہسپتال میں ایمرجنسی میں لائے۔ اس سلسلے میں محکمہ پولیس غفلت اور لاپرواہی کی مرتکب ہوئی اور انہیں کسی قسم کی خوراک نہ پہنچائی گئی اور نہ ہی نوجوانوں کی لاشوں کو ڈھونڈنے اور لے جانے اور

ورثاء کے حوالے کرنے میں کوئی مدد کی۔ انہیں کوئی ریسکیو نہیں دیا گیا اور نہ کوئی مدد پہنچائی گئی۔ لہذا صوبائی حکومت مذکورہ واقعے کی مکمل تحقیقات اور چھان بین کرے اور ساتھ ہی ساتھ ان شہید نوجوانوں کو جن میں سردار محمد ناصر، شیر محمد شہزاد اور انور علی کو شہداء پیکج میں شامل کیا جائے۔ کیونکہ یہ دوران ڈیوٹی اپنے فرائض انجام دے رہے تھے اور ان کی موت واقع ہوگئی، شہید ہوگئے جبکہ واحد زندہ بچ جانے والے سجاد کی مکمل علاج و معالجہ کے ساتھ ساتھ مالی تعاون کیا جائے تاکہ شہداء کے ورثاء کی دلجوئی ہو سکے۔

جناب میڈم! اس میں دو چیزیں ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ یہ نوجوان اپنی ڈیوٹی وہاں پر سرانجام دے رہے تھے اور برفباری کی وجہ سے پھنس گئے اور مانسہرہ شہر تک نہ پہنچ سکے۔ پیدل چلتے چلتے چار راستے میں شہید ہوگئے اور ایک زندہ بچا۔ ایک بات تو یہ ہے کہ ہماری ماڈل پولیس خیبر پختونخوا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر آئی جی صاحب خود انکوائری کریں تو اس میں ان کی نیک نامی ہوگی۔ اگر اس بات کو چھپایا جائے کہ پولیس نے ریسکیو بھی دیا ہے، ان کو خوراک بھی پہنچائی ہے اور یہ فرضی کہانیاں اگر گڑی جائیں تو میرے خیال کے مطابق پبلک میں، عوام میں پولیس کے اوپر جو اعتماد ہے وہ غالباً اس علاقے میں اٹھ چکا ہے اور اگر یہ انکوائری فیئر کی جائے، انکوائری کرکے جو لوگ ذمہ دار ہیں، جن کی غفلت کی وجہ سے چار نوجوان مرے ہیں۔ اگر ان کو سزا دی جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ پولیس کی نیک نامی ہوگی۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ جو بچے وہاں پر شہید ہوئے ہیں، بالکل نوجوان تھے، کسی کا ایک بچہ ہے کسی کے دو بچے ہیں۔ اگر ان کو شہداء پیکج میں شامل کیا جائے جو صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ میں اس ایوان کی توسط سے مطالبہ کرتا ہوں صوبائی حکومت سے کہ ان نوجوانوں کو شہداء پیکج میں شامل کرکے ان کے ورثاء کو امداد دی جائے تاکہ ان کی دادرسی ہو سکے۔

Madam Deputy Speaker: This question partly will be answered by Mehmood & Mushtaq,

مشتاق صاحب! آپ پہلے کریں، محمود جو منسٹر آف سیاحت ہیں تو You will answer۔ مشتاق پہلے کریں۔ (مداخلت) نہیں، Mushtaq and you have to answer, you are the Minister of-----

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): نہیں یہ Relate کرتا ہے پولیس سے۔

Madam Deputy Speaker: Let him answer, please time is-----

Advisor for Higher Education: No, Mehmood Khan is no more Interior Minister now.

میڈم سپیکر! بات یہ ہے کہ جیسے نلوٹھا صاحب نے بات کی ہے، ایسا نہیں ہے، یہ پولیس کے بارہ چودہ نوجوان ایک جگہ پھنس گئے تھے، یہ عید کے تیسرے دن کا شاید واقعہ ہے کہ جب ناران میں بہت سارے سیاح Sack up ہو گئے تھے اور ایک دم سے Snowfall شروع ہوئی، سارے راستے بند ہو گئے اور ناران میں بھی سیاح پھنس گئے تھے۔ یہ آگے تھے، مجھے جگہ کا نام یاد نہیں ہے لیکن ناران سے بھی کوئی ڈیڑھ دو گھنٹے کی Drive پہ آگے کوئی جگہ آتی ہے، یہ وہاں پر تھے۔ وہاں بھی کوئی مائن تھی، وہاں اس کی لیبر بھی تھے لیکن جب یہ اچانک موسم چینج ہو گیا Unexpectedly تو اس میں یہ جو لوگ تھے پولیس کے، یہ ان کی وہاں ایک چوکی ہوتی ہے جو صرف Summer میں اس راستے کی پروٹیکشن کیلئے ہوتی ہے۔ تو یہ Winter میں وہاں پر نہیں ہوتی لیکن یہ اس کے زد میں آگئے۔ راستے بند ہو گئے اور انہوں نے اپنے طور پر کسی طرح آگے نکلنے کی کوشش کی۔ بد قسمتی سے ان کے اوپر گلیشیئر زلزلہ بھی ہو گیا تھا اگلے دن، تو یہ گلیشیئر کے نیچے دب گئے تھے سارے۔ ہم نے صوبائی حکومت نے بڑی کوشش کی، میڈیا کے اوپر بھی بڑی چیزیں آرہی تھیں۔ Regarding جو باقی ٹورسٹ تھے ناران کے اندر کہ ان کا کھوجنا بہت مشکل ہو رہا تھا اور موسم تھا کہ ہر لمحے مزید خراب ہوتا جا رہا تھا۔ ہم نے مانسہرہ سے ٹیمیں روانہ کیں، بڑی مشکل سے اسسٹنٹ کمشنر کسی طریقے سے پہنچ سکا ناران میں، پولیس نے اور ہم نے فوج سے مدد طلب کر لی تھی۔ فوج نے بھی بڑی کوشش کی، این ڈی ایم اے سے بھی ہم نے ہیلی کاپٹر لیا، وہ بھی ہمارے پاس آگیا۔ شاید دو دفعہ ہیلی کاپٹر نے کوشش کی اس علاقے میں جانے کی اور مانسہرہ سے جاکے اس کو واپس آنا پڑا اور یہ غازی میں لینڈ کرتا رہا۔ کیونکہ آگے وہ نہیں جا پا رہا تھا اسی جگہ پر جہاں پر پولیس کے جوان پھنسے ہوئے تھے اور پھر بعد میں جب موسم تھوڑا کلیئر ہوا، ہیلی کاپٹر پہنچ گیا پھر تیسرے دن شاید۔ تو یہ لوگ گلیشیئر کے نیچے ان کو کسی طریقے سے نظر آگئے، وہ Dogs لیکر گئے ہوئے تھے تو پھر ان کی Dead Bodies کو وہاں سے Recover کیا تو یہ اس طریقے سے ہوا تھا۔ اس میں کسی غفلت اور کوتاہی نہیں تھی بلکہ موسم اتنا شدید ہو گیا اور Unexpectedly ہو گیا اور اسی لئے ہم نے ریسکیو 1122 جو ہم سے پہلے صرف پشاور اور مردان تک تھا۔ اب اس کا دائرہ پورے صوبے تک پھیلا رہے ہیں اور اس موجود جو فیز چل رہا ہے، اس میں تین ڈسٹرکٹس ایبٹ آباد، کوہاٹ اور سوات ہیں، اس کے بعد مانسہرہ، دیر اپر، لوئر اور اس طرح چترال۔ تو یہ ہم

ناران میں بھی ہم ایک پوائنٹ بنا رہے ہیں اور Hill Station کے اوپر جہاں کبھی کوئی اس طرح کا واقعہ ایسے علاقوں میں رونما ہو جائے تو ہمارے ریسکیو کی ٹیمیں وہاں پہلے سے موجود ہوں۔

نوابزادہ ولی محمد خان: میڈم سپیکر صاحبہ!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوتھا صاحب د دي Answer ورکړی اول۔ اوکے، اوکے۔ پلیز مائیک دے دیں ان کو۔

نوابزادہ ولی محمد خان: تھینک یو میڈم سپیکر۔ سردار نلوٹھا صاحب نے جو توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا ہوا ہے۔ یہ مشتاق غنی صاحب جو کہہ رہے ہیں، یہ بات ایسی نہیں ہے، یہ لوگ وہاں پر ناران میں شدید برفباری کی وجہ سے، یہ ہمارے ضیاالرحمان صاحب کا حلقہ ہے، اس میں یہ لوگ جو وہاں پر سارے، جو برفباری ہو رہی تھی تو اس میں ان کی موت واقع ہو گئی تھی اور وہ شہید ہو گئے وہاں پہ۔ ہم نے اس کے بارے میں Applications بھی دی ہوئی ہیں، سب کچھ دیا ہے۔ کیا وہ پاکستانی نہیں ہیں یا وہ پولیس کے محکمے میں نہیں ہیں کہ ان کو، مطلب ہے شہداء کے پیکج میں نہیں ہیں؟ آج تک ان کے چھوٹے چھوٹے بچے کسی نے ان کے ساتھ امداد ہی نہیں کی۔ نہ کوئی صوبائی گورنمنٹ کی طرف سے ان کے کوئی گھر بھی گیا ہے، کہ یہاں پر کوئی ایسا واقعہ ہوا ہے؟ آن ڈیوٹی وہ تھے، مشتاق صاحب ایسے نہ کہیں کہ ان کی نہیں ہے۔ جس طریقے سے ان کو لوگوں نے اٹھایا وہاں پر لایا، کم از کم یہاں پر تو پولیس کے تو نوکر تھے، اس میں، سروس میں تھے ان کی کوئی امداد تو ہونی چاہیئے، آج تک کسی نے ان کو پیسے دیئے، ہم تو یہی کہہ رہے ہیں کہ ان بندوں کی کچھ امداد تو ہونی چاہیئے۔ اگر شہید نہیں ہوئے ہیں، آپ کہہ رہے ہیں ہم تو کہہ رہے ہیں کہ ٹھیک ہے سلائیڈنگ کی وجہ سے ہوئے ہیں لیکن ان کے بچے ہیں، ان کیلئے کوئی پیکج تو ہونا چاہیئے۔ ہم تو اس ایوان سے یہی مطالبہ کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ سے اور آپ سے کہ ان کی کچھ نہ کچھ مدد ہونی چاہیئے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): جو بات انہوں نے کی ہے پیکج والی، شہداء پیکج جو ہے، وہ دہشتگردی میں جو پولیس کا جوان شہید ہو جاتا ہے، اس کیلئے ہوتا ہے لیکن بات ان کی بھی صحیح ہے کہ وہ ڈیوٹی کے دوران وہاں پر شہید ہوئے ہیں اس واقعے میں، اس بات کو ہم آگے فورم پر اٹھائیں گے، لے جائیں گے

آگے اور ہمارے خیال میں تو پولیس ڈیپارٹمنٹ کی اپنی Compensation کا سسٹم ہے ان کے پاس، انہوں نے کی ہو گی اور اگر نہیں کی تو ہم وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لائیں گے اس بات کو اور ان کو Compensation ضرور دلوائیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تو یہ آپ کریں گے نا، یہ آپ کے ذمے ہے نا۔ You will do that, okay۔ اوکے نلوٹھا صاحب! بس Last one دے۔ Nalotha Sahib! Carry on، مائیک دے دیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اب مجھے اپنی وضاحت کرنی پڑ گئی ہے کہ میں ممبر صوبائی اسمبلی، اسمبلی فلور کے اوپر کھڑے ہو کر جس طرح مشتاق غنی صاحب نے کہا ہے کہ اس طرح بات نہیں ہوئی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں بحیثیت ممبر صوبائی اسمبلی جھوٹ، غلط بیانی سے کام لے رہا ہوں۔ جناب میڈم! مجھے افسوس ہے کہ کب تک ہم ان چیزوں کو چھپاتے رہیں گے اور ڈیپارٹمنٹس کا دفاع کرتے رہیں گے۔ کیونکہ آپ کی ایک ذمہ داری ہے صوبائی حکومت کے ذمے، میں نے پہلے کہا ہے کہ اس میں اگر کے پی کے پولیس اپنا فرض ادا کرتی ہے یا جن لوگوں نے کوتاہی کی ہے، ان کے خلاف ایکشن لیتی تو عوام کا اعتماد بحال ہوتا۔ قطعاً یہ بات نہیں ہے جس طرح مشتاق غنی صاحب نے کہا ہے کہ گلیشیئر آ گیا اور وہ نیچے دب گئے، یہ بات نہیں ہے۔ میڈم! ان میں سے ایک بچہ زندہ ہے، ابھی زندہ ہے۔ اس کو بلایا جائے اور انکوائری کی جائے، میرا یہ مطالبہ ہے کہ کیوں ان بچوں کے ساتھ ظلم ہوا ہے۔ میڈم سپیکر! جس دن وہ نکلے ہیں اس چوکی سے، اس بچے نے قسم اٹھائی ہے کہ ہم نے جو قہوہ پیا ہے قہوہ، تو چینی ڈالنے کیلئے ہمارے پاس چینی نہیں تھی، کھانے کیلئے کوئی چیز نہیں تھی، ہم زندگی اور موت سے لڑتے لڑتے ہم نے کہا مانسہرہ پہنچ جائیں گے لیکن ہم نہیں پہنچ سکے۔ اس نے کہا میرے چار ساتھی، کوئی گلیشیئر نہیں آیا ہے، وہ خوراک نہ ہونے کی وجہ سے وہاں سے نکلے ہیں اور جب وہ چلتے چلتے، وہ یہ کہہ رہا تھا کہ ہم آدھا کلومیٹر آئے تو اوپر سے ایک تودہ آیا، ہم اس تودے کے ساتھ نیچے دریا تک چلے گئے۔ پھر وہاں سے ہم نے جدوجہد کی، کوشش کی اور لڑکتے پھسلتے پھسلتے میں زندہ پہنچ گیا اور میرے چار ساتھی راستے میں دم توڑ گئے۔ اب ایک بات تو یہ ہو گئی میڈم سپیکر! انہوں نے جو ہیلی کاپٹر صوبائی حکومت نے دیا ہے، ان کو پوچھنا چاہیئے صوبائی حکومت کو کہ وہ ہیلی کاپٹر دو دفعہ بالکل

وہاں پر گیا ہے اور وہ کارروائی پوری کر کے واپس آ گیا۔ یہ جوان بچوں کو ریسکیو کیا گیا ہیں، ان کی لاشیں ڈھونڈی گئی ہیں، ایلیٹ فورس کی دوسرے نوجوانوں نے جوان کے ساتھ کام کرتے تھے اور ان کے رشتہ داروں نے لاشیں ڈھونڈی ہیں، ڈیپارٹمنٹ لاشیں نہیں ڈھونڈ سکا ہیں۔ میڈم! چھٹے دن لاشیں ملی ہیں۔ میں حیران ہوں کہ مشتاق غنی صاحب کا تعلق ایبٹ آباد سے ہے، ان کے ضلع کا ایک بچہ اس میں شہید ہوا ہے۔ ایک بٹ گرام کا بچہ شہید ہوا ہے اور دوسرے بھی جو تھے وہ اسی کے پی کے بچے تھے۔ میرا یہ مطالبہ ہے کہ ایک انکوائری ٹیم تشکیل دی جائے، مشتاق غنی صاحب اس کے سربراہ ہوں تاکہ ان کو حقیقت کا پتہ چل جائے کہ کیوں یہ غفلت برتی گئی ہے۔ یہ چار قیمتی جانیں جو اس محکمے کی خدمت کرتے تھے، جنہوں نے اس محکمے کیلئے قربانی دی ہے، صوبے کیلئے اور عوام کیلئے قربانی دی ہیں۔ تو برائے مہربانی یہ بھی انکوائری کریں اور مشتاق غنی صاحب! ادھر آپ کے پاس اختیارات ہیں، آپ اس فلور کے اوپر کھڑے ہو کر ان بچوں کیلئے شہداء پیکج کا اعلان کریں، میں یہ آپ سے مطالبہ کرتا ہوں۔ آپ سی ایم صاحب کے Behalf پر اعلان کریں، ان کا حق بنتا ہے۔

<u>مشیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: میڈم سپیکر!

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: مائیک کھولیں، پلیز۔

<u>مشیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: میں یہ ثابت نہیں کر رہا، میں نے یہ آپ سے کہا ہے کہ یہ گلیشیئر والا بالکل واقعہ ہوا ہے۔ یہ وہاں سے نکلے ہیں، پیدل چلنے کیلئے نکلے ہیں، فوڈ کی Shortage ہوئی ہے، تین چار دن کوئی وہاں Access نہیں ہو پا رہا تھا۔ آرمی نے بھی اپنے طور پر بڑی کوشش کی، پولیس کے لوگوں نے بھی کی، ہم نے ہیلی کاپٹر بھی، میں نے آپ کو بتایا کہ ہم نے این ڈی ایم اے سے حاصل کیا، وہ دو دفعہ پرواز کر کے آیا اور جب آگے جاتا تھا تو خراب موسم کی وجہ سے وہاں لینڈ نہیں کر پاتا تھا۔ پھر اس نے لینڈ بھی کیا اور ان کے اپنے رشتہ دار بھی تھے، جب موسم کلیئر ہوا، وہ بھی پہنچ گئے، انہوں نے یقیناً بڑی مدد کی ہے اور جتنی انہوں نے کی ہے شاید کسی نے نہ کی ہو گی، اس سے ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ صرف میں آپ کو ان واقعات کا اعادہ کروانا چاہتا ہوں کہ وہ موسم اتنا زیادہ اچانک رف ہوا کہ ان لوگوں تک پہنچ ہی نہیں پائے اور یہ صحیح بات ہے کہ ان کے پاس خوراک کی کمی ہوئی، سردیوں میں جو لوگ وہاں رہتے ہیں، وہ اپنا سٹاک کرتے ہیں

لیکن وہ سردیاں تھیں نہیں، بہت Early stage تھی۔ ابھی سٹاک کا ٹائم ہی نہیں آیا تھا کہ اچانک یہ اتنی بڑی Snowfall شروع ہو گئی اور سارے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا جس کی وجہ سے یہ ناران میں بھی جو لوگ عید منانے گئے ہوئے تھے، وہ بھی سارے وہاں پھنس کر رہ گئے اور آگے یہ لوگ جو تھے، یہ بھی آگے پھنس گئے تھے۔ بحر کیف ان کیلئے جیسے میں نے آپ سے کہا ہے ان شاء اللہ اگر ان کو Compensation نہیں دی گئی گورنمنٹ کی طرف سے، تو میں وزیر اعلیٰ صاحب کے نوٹس میں لاؤں گا اور ان کو ہم Compensation دلوائیں گے۔ جو بھی ان کی Families کی مدد گورنمنٹ کی طرف سے ہو سکی ہم ضرور کروائیں گے، یہ میں آپ کو ایشورنس دیتا ہوں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: ان کی Compensation، Okay compensation تو-----

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: میڈم سپیکر!

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: نلوٹھا صاحب کا مائیک آن کر دیں۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: Compensation تو آئیں گی میڈم! شہدا پیکیج میں ان بچوں کو شامل کریں، یہ فلور کے اوپر کہہ دیں۔ اگر یہ بات نہیں ہے تو میڈم! میری یہ کال اٹینشن نوٹس کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

<u>مشیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: دیکھیں، نہیں نہیں، آپ جو ہے۔ آپ کی وساطت سے میڈم!-----

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: مشتاق غنی صاحب کا مائیک آن کریں۔

<u>مشیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: آپ کی وساطت سے شہداء پیکج جو ہے وہ دہشتگردی میں جو شہید ہوتے ہیں، وہ ان کیلئے ہے۔ اب ہم بات کریں گے وزیر اعلیٰ سے کہ وہ اس میں آسکتے ہیں یا نہیں آسکتے کوئی اور طریقہ اختیار کریں۔ میں یہاں پر اعلان کر دوں اور وہ Possible ہی نہ ہو تو میں ایسا اعلان بھی نہیں کرنا چاہتا لیکن یہ آپ کو ضرور یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ان شاءاللہ ہم بات کر کے ان کو Compensation دلوائیں گے اور جو Maximum ہو سکا ہم ان کیلئے کریں گے۔

(مداخلت)

<u>Madam Deputy Speaker</u>: It can not go like this-----

(Interruption)

<u>Madam Deputy Speaker</u>: No. Next is-----

(Interruption)

Madam Deputy Speaker: Sardar Aurangzeb! You had done it. Next Call Attention, Mr. Sardar Hussain MPA, to please move his Call Attention Notice No. 711 in the House.

جناب سردار حسین (چترالی): تھینک یو میڈم سپیکر۔ میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ جولائی 2015 میں چترال میں شدید ترین سیلاب آیا اور کئی گاؤں تباہ ہو گئے کم و بیش ہزاروں گھرانے بے گھر ہوئے۔ وزیراعظم، وزیراعلیٰ، گورنر، چیف آف آرمی سٹاف تشریف لائے اور ہیلی کاپٹر میں متاثرین کو ایک بیابان میں لا کے ڈالا۔ جناب وزیراعلیٰ صاحب نے گاؤں کے پہاڑوں میں دس دس مرلہ فی گھرانہ زمین دینے کی ہدایت کی، فائلیں تیار ہوئیں لیکن ابھی تک اس پر عملدرآمد نہیں ہوا۔ متاثرہ لوگ ابھی تک خیموں میں سخت سردی میں رہ رہے ہیں جس سے خصوصاً معمر لوگ بچے اور خواتین کی حالت قابل رحم ہے۔ کچھ غیر سرکاری ادارے شیلٹر بنانے کیلئے آئے اور زمین دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے متاثرین کیلئے شیلٹر نہیں بنا سکے۔ لہٰذا اس سلسلے میں حکومت فوری توجہ دیں اور متاثرین کے ساتھ وزیراعلیٰ کی ہدایت کی روشنی میں سلوک کیا جائے۔

میڈم سپیکر! یہ لوگ سردیوں میں ابھی محترم مشتاق غنی صاحب نے فرمایا کہ گڈ گورننس، جب سیلاب آئے تو وہاں پر وزیراعظم صاحب تشریف لائے، وہاں پر چیف آف آرمی سٹاف آئے، وزیراعظم نے Verbal directives دیئے کہ فوری طور پر ان کو محفوظ جگہوں میں لے جائیں۔ اس کے بعد چیف آف آرمی سٹاف، فوج کے سربراہ آئے انہوں نے کہا کہ ان کو محفوظ جگہ دی جائے۔ صوبے کا چیف ایگزیکٹیو آیا اور مجھے بلا کے کہا اور Written directives دیئے لیکن وہ ابھی تک ان کی فائلوں میں پڑی ہیں۔ صورتحال یہ ہے کہ یہاں پر گڈ گورننس کی بات تو ہو رہی ہے، کانسٹی ٹیوشن آف پاکستان میں Provincial Government means Chief Minister and his cabinet and now is changed. Chief Secretary and bureaucracy یہ حکومت کرنی کی کوشش کر رہی ہے۔ ہم کس کو اپنی فریاد سنا دیں؟ دیکھیں آپ اس گیلریز کے اندر آپ کو حاضری لینی چاہیئے جس کا کونسچن ہو متعلقہ سیکرٹری آ کے بیٹھے۔ ابھی تو اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور کلرک اور ایس او آ گئے اور کچھ عرصے کے بعد آپ دیکھیں گے متعلقہ چپڑاسی ادھر بیٹھا ہو گا اور یہ ہاؤس بھی خالی ہو گا اس وقت۔ (تالیاں)

میں جی آپ کو باور کرانا چاہتا ہوں مجھے کہا جا رہا ہے کہ سمری لائیں۔ وزیراعظم نے اعلان کیا، چیف آف

آرمی سٹاف نے کیا، میرے صوبے کے چیف ایگزیکٹیو نے کیا تو میں کیا بارک اوباما سے سمری لے آؤں، میرے پاس اور کیا ذریعہ رہ گیا ہے؟ ابھی تک فائلیں پڑی ہیں۔ میڈم سپیکر! میرے حلقے کا اے ڈی پی زیرو یوٹیلائزڈ ہوا ہے، ابھی تک زیرو۔ چترال جیسا علاقہ کہ جس میں پشاور کے اندر پشاور جیل میں قیدیوں کو ٹہلائی کیلئے روزانہ چار گھنٹے باہر نکالا جاتا ہے اور چترال کے جو قیدی ہیں، اس کو ہفتے میں تین دن، تین گھنٹہ دیا جاتا ہے کہ جاؤ تم آزاد ہو اور ٹھیک سات دن کے بعد پھر تم اپنے گھر جا سکتے ہو۔ گزشتہ ستر سالوں سے یہی ہمارے ساتھ ہو رہا ہے۔ ابھی ہم پر Earthquake کی باتیں ہوئیں۔ آپ گوگل ارتھ پر جا کر دیکھیں یہ ہندوکش چترال میں ہے۔ چار مختلف جگہوں سے چترال میں فالٹ لائن گزری ہیں۔ لوگ مرے تباہ و برباد ہو گئے، ہم واویلا نہیں مچاتے ہیں، ہم سیاست نہیں کرتے ہیں، ہم اسمبلی میں شور نہیں کرتے ہیں۔ محترمہ! چترال کو ابھی یہ زمین کوئی ریگی للمہ کا پلاٹ نہیں ہے، یہ خالی پہاڑ ہیں، وہ پہاڑ میں مانگتا ہوں۔ حالانکہ چترال ایک ضلع نہیں، یہ ایک ریاست ہے، یہ 1948 میں یہ Merged ہوا ہے۔ His High ness Muzaffar ul Mulk اور قائداعظم محمد علی جناح کے درمیان معاہدے کے تحت یہ ہوا ہے۔ کچھ بھی گورنمنٹ کا وہ ہم پر نہیں ہے، یہ ریاست کی تھی لیکن آج ہمارے ساتھ یہ ظلم۔ یہ کہتے ہیں گڈ گورننس۔ 2012 میں آر ایچ سی ہسپتال اپ گریڈ ہو گئی، 2015 تک، آج تک اس کا ٹینڈر نہیں ہوا۔ Where is the good governess, show me? کہاں پر ہے؟ اے ڈی پی 2012، 2013 اور 2014 اس وقت میرے والے علاقے میں جہاں پر سیلاب آیا تھا، وہ ساری فائلیں، چیف منسٹر کا میں مشکور ہوں۔ یہ بیوروکریسی جگہ جگہ فائل روکتے ہیں، سیکرٹری ڈی ایس کو لکھتا ہے، ڈی ایس سپیشل سیکرٹری، سپیشل سیکرٹری ایس او، ایس او پھر Observation لگا کے واپس ضلعوں میں بھیجتے ہیں اور جب ہم جاتے ہیں، میں اور سلیم خان گئے تھے ایک ڈی جی کے پاس، ہم نے کہا یہ کام کرنا ہے، کہتا ہے اس کا اختیار مجھے نہیں ہے۔ یہ کریں، پیسے نہیں ہیں، میں نے کہا پھر کیوں بیٹھے ہوں۔ کہتا ہے مجھے تنخواہ ملتی ہے۔ میڈم سپیکر! دنیا میں کام کرنے کیلئے تنخواہ دی جاتی ہے یہاں پر کام نہ کرنے کی تنخواہ دی جاتی ہے اور الاؤنسز دیئے جاتے ہیں، یہ کیا بات ہے؟ آج ایم پی اے کے پاس کیا ہے۔ منسٹر، (مداخلت) ایک منٹ، ایک منٹ مشتاق غنی صاحب۔ مشتاق غنی صاحب! آپ ٹھہریں مجھے بات کرنے دیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! ہاں بس ختم۔ایک منٹ اور۔

جناب سردار حسین (چترالی): میری ریکویسٹ ہے، میری ریکویسٹ یہ ہے چیف منسٹر نے ہمیں دیا، اعلان کیا، متعلقہ وزیروں نے کیا، آج پہلے کہا جاتا تھا Political interference آج ایک بھی منسٹر کرپٹ نہیں ہے، کوئی منسٹر کرپٹ نہیں ہے۔ بہترین پالیسیاں دی ہیں، میں بار بار کہتا ہوں، ہیلتھ میں دیئے ہیں، ایجوکیشن میں دی ہیں لیکن میں ریکویسٹ کرتا ہوں مشتاق غنی صاحب سے خدا کیلئے دیکھیں کہ دفتروں میں کیا ہو رہا ہے، ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ آپ نے ہمیں پیسے دیئے، میں چیف منسٹر کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ تین دن، تین دن محترمہ! وہ فلڈ کے بیچ میں بیٹھتے رہے۔ ایک ایک قسم کے ڈائریکٹیو دیتے رہے لیکن پرسوں پھر میں اس کے پاس گیا تو بولنے لگے یہ نہیں ہوا وہ نہیں ہوا۔ پی ڈی ایم اے بنائی گئی، Is now a permanent Disaster Management، پانچ مہینے میری فائلیں اس نے رکھی۔ آج لوگ وہاں بھوکے مر رہے ہیں، تکلیف میں ہیں، پریشانی میں ہیں۔ میں کہتا ہوں گڈ گورننس آپ کا ہے، میں مانتا ہوں Chief Minister is Government۔ میں کہتا ہوں ہر منسٹر اچھا ہے لیکن جو نیچے کام ہو رہا ہے، اس میں ہمارے ساتھ زیادتیاں ہو رہی ہیں۔ تھینک یو ویری مچ۔

Madam Deputy Speaker: I don't want any debate on this. Mushtaq Sahib! You carry on, I don't want any debate on that, Mushtaq Sahib! You carry on. I don't want any debate. Okay, you can bring another call attention.

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم! میں صرف یہ درخواست کروں گا کہ سردار حسین صاحب ادھر سے گورنمنٹ کے خلاف بڑی دھواں دھار تقریر بھی کر رہے ہیں اور سی ایم صاحب کا شکریہ بھی ادا کر رہے ہیں۔ اسی لیے ان کو ناراض بھی نہیں کرنا چاہتے اور ساتھ تنقید بھی بھرپور کر رہے ہیں۔ حالانکہ ان کے کیس میں سی ایم صاحب نے جو اعلان کیا تھا، وہ سمری پر، انہی کی درخواست کے اوپر اور انہوں نے لکھا ہوا ہے کہ اس ایک ہزار کنال زمین کیلئے اور وہ سمری جو ہے وہ ابھی بالکل، شاید فائنل سٹیج پر ہے۔ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ Expedite کریں گے اور جلد از جلد آپ کا یہ کام، میرے خیال میں اتنی بڑی بات نہیں تھی، آپ ہمیں اپنی جگہ بھی کہتے، حکم دے دیتے تو ہم جا کے سمری کو نکلوا لیتے وہاں سے جدھر بھی کہیں Struck up ہوئی ہے۔ تو یہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، آپ کے ساتھ مل کے اس کو نکالیں گے ہم،

اس سمری کو نکالیں گے اور تا کہ، چونکہ یہ وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا ہوا ہے اور وزیر اعلیٰ نے سمری بھی اس کے اوپر لکھا ہوا ہے Put up summary-----

(اس مرحلہ پر کورم کی نشاندہی کی گئی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ کاؤنٹ کریں اگر کورم کمپلیٹ نہیں ہے تو-----

سینیئر وزیر (صحت): کمشنر چترال، تو وہ سارا ایک پوری فائل بنی ہوئی ہے ان شاء اللہ ہم اس کو Expedite کریں گے تا کہ جلد از جلد یہ پلاٹ دس مرلے کے حساب سے لوگوں کو الاٹ ہو اور لوگ اپنے مکانات تعمیر کر سکیں۔

جناب سردار حسین (چترالی): تھینک یو ویری مچ سر۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں-----

ایک رکن: میډم! کورم پوره نه دے۔ میډم! ختموئ، خلق تلی دی۔ میډم! دا دوه کسان ناست دی، دا سې بنه نه بنکاری۔

(اس مرحلہ پر کورم پورا نہیں تھا)

Madam Deputy Speaker: As the quorum is not complete, the sitting is adjourned till 03:00 pm, Thursday 17th March 2016.

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 17 مارچ 2016 بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)